## عائشہ خاتون مرحومہ نے حق پرستی کی جدوجہد میں اپنے لخت جگر کی جلاوطنی کا کرب برداشت کیا، الطاف حسین

## عائشہ خاتون نے ایسی اولاد کو جنم دیا جو حالات کے جبر کے باوجود ثابت قدمی سے تحریکی جدوجہد کرتے رہے

## مرحومہ کے بڑے صاحبزادے رئیس احمد خان اور دیگر اہل خانہ سے ٹیلی فون پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے سینئر رکن انیس احمد ایڈوکیٹ کی والدہ محترمہ عائشہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کی رہائش گاہ واقع میر پور خاص فون کر کے ان کے بڑے صاحبزادے رئیس احمد خان اور دیگر اہل خانہ سے ٹیلی فون پر دلی تعزیت کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ عظیم خاتون تھیں اور انہوں نے حق پرستی کی جدوجہد میں اپنے لخت جگر کی جلاوطنی کا کرب برداشت کیا اور مصائب ومشکلات کو جھیلتی رہیں مگر انہوں نے کبھی مایوسی کا اظہار نہیں کیا جس پر ہم مرحومہ کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرحومہ نے ایسی اولاد کو جنم دیا جو تحریک اور حق پرستی کی جدوجہد میں انگنت مسائل اور پریشانیوں کا سامنا کرتے رہے اور حالات کے جبر کے باوجود ثابت قدمی سے تحریکی جدوجہد کرتے رہے۔ جناب الطاف حسین نے رئیس احمد خان اور دیگر سوگواران کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس نظام کے سامنے انسان بے بس ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدہ کے انتقال پر آپ دکھ اور صدمے کی جس کیفیت سے دوچار ہیں میں اس کا اندازہ لگا سکتا ہوں۔ آپ کے اس غم میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عائشہ خاتون مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## سہراب گوٹھ میں طالبان کی لوٹ مار اور تاوان وصولی کے خلاف تاجروں کے احتجاجی مظاہرے نے الطاف حسین کے مئوقف کو ایک مرتبہ پھر درست ثابت کر دیا، رابطہ کمیٹی

## سہراب گوٹھ میں طالبان دہشت گردوں اور ان کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لا کر عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں طالبان دہشت گردوں کی لوٹ مار اور تاوان کی وصولی کے خلاف تاجروں کے احتجاجی دھرنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور علاقہ غیر سے آنے والے طالبان جنگجوؤں سے علاقے کے عوام اور تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور طالبان دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سہراب گوٹھ میں طالبان کی لوٹ مار اور تاوان کی وصولی کے خلاف احتجاجی مظاہرے نے ایک مرتبہ پھر کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کے حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مئوقف کی سچائی کو ثابت کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی عرصے سے طالبانائزیشن کی سازش سے حکومت اور عوام کو آگاہی فراہم کر رہے ہیں لیکن افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ان کی جانب سے طالبانائزیشن کی سازش کے بیان کردہ حقائق کو نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے واویلا قرار دیا اور کراچی اور سندھ کے عوام کو طالبان کے رحم وکرم پر چھوڑنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں طالبان دہشت گردوں کی حمایت کر رہی ہیں اور انہیں در پردہ رہ کر مدد و تعاون فراہم کر رہی ہیں وہ ملک وقوم کی کھلی دشمن ہیں اور عوام میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے نرم گوشہ پیدا کرنے کیلئے سرگرم ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کی سازش کو ہرگز قبول نہیں کریگی اور اس کے خلاف ہر فورم پر نہ صرف آواز بلند کرتی رہے گی بلکہ اس گھناؤنے عفریت سے ملک وقوم کو نجات دلانے کیلئے عملی کردار بھی ادا کرتی رہے گی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں طالبان کی لوٹ مار اور تاوان وصولی کے خلاف تاجروں کے احتجاجی مظاہرے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور طالبان دہشت گردوں اور ان کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لا کر عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## لاہور میں مسلم لیگ نواز کا صحافیوں پر تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے ایوان اقبال میں منعقدہ تقریب میں مسلم لیگ نواز کے کارکنوں کی جانب سے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ کی سخت ترین الفاظ میں

مذمت کی ہے اوراس عمل کوآزادیٔ صحافت پرحملہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلم لیگ نواز کے کارکنوں کی جانب سے صحافی برادری کو پیشہ وارانہ فرائض سے روکنا اورانہیں لاتیں،گھونسے،تھپڑ مارکران کے کپڑے پھاڑنا اورانہیں مغلظات بکنے کاعمل قابل مذمت اورآزادیٔ صحافت کی کھلی خلاف ورزی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کریڈٹ کارڈ کی چوری،بدمعاشی،زنا کاری،اساتذہ پرتشدد،فراڈ اورچینی اسکینڈل سمیت متعدد سنگین جرائم کے واقعات سے مسلم لیگ نواز کی داستانیں بھری پڑی ہیں جس میں مسلم لیگی رہنماؤں ملوث رہیں ہیں اورجن کے کارناموں سے ملک کا بچہ بچہ اچھی طرح واقف ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر اطلاعات قمرالزمان کائرہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مسلم لیگ ن کی جانب سے صحافیوں کوتشدد کا نشانہ بنانے کا نوٹس لیا جائے اورلاہور کے صحافیوں کولیگی غنڈوں سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

## چندوکلاء کے سیاہ کرتوں سے وکلاء برادری مسلسل بدنام ہورہی ہے،ارکان قومی اسمبلی

## لاہور ہائی کورٹ میں سینئر وکلاء کی موجودگی میں وکلاء کی جانب سے شہری کوتشدد کا نشانہ بنانے کی مذمت

کراچی۔۔۔13،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے لاہور ہائی کورٹ میں سینئر وکلاء کی موجودگی میں وکلاء کی جانب سے شہری کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ میں قانون کے محافظخا تون وکیل کی جانب سے پھینکی گئی بوتل لگنے پر مشتعل شہری سے معافی مانگنے کے بجائے شہری کو لاتیں گونسے تھپڑ رسید کرکے وکلاء نے قانون کی دھجیاں اڑانے کاعمل انتہائی افسوس ناک اورقابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ چندوکلاء کی غیر شریفانہ حرکتوں سے وکلاء برادری مسلسل بدنام ہورہی ہے اوروکلاء کی کارکردگی ایک سوالیہ نشان بن کررہ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل لاہور ہائی کورٹ میں ہی وکلاء نے صحافیوں کوبھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا اوراب ایک شہری پرتشدد سے دنیا بھر میں وکلاء برادری بدنامی سمیٹ رہی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ لاہور ہائی کورٹ میں وکلاء کی مسلسل غیر قانونی حرکتوں سے عدالتی تقدس پامال ہورہا ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سے اپیل کی کہ وہ وکلاء کی جانب سے شہری کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا ازخودنوٹس لیا جائے۔

## حق پرست قیادت گلگت بلتستان میں کراچی جیسے ترقیاتی کام کرے گی،توصیف خانزادہ

## متحدہ نے الطاف حسین کے فلسفے کے مطابق گلگت بلتستان میں غریب ومتوسط طبقے کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کوامیدوارنامزدکیا ہے

## عوام اسمبلی میں غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی یقینی بنانے کیلئے حق پرستوں کوکامیاب بنائیں،گلگت میں مختلف مقامات پرتوصیف خانزادہ کا خطاب

گلگت۔۔۔13،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت گلگت بلتستان اسمبلی میں کامیابی کے بعدکراچی جیسے ترقیاتی کام کرے گی تاکہ پسماندہ علاقوں کے عوام کوبھی جدید سہولتیں میسرآسکیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گلگت میں مختلف مقامات پراپنے استقبال کیلئے جمع ہونیوالے عوام اورکارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرصوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز صلاح الدین گلگتی اور یاورجمیل اور بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے قائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے کے مطابق گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات میں غریب ومتوسط طبقے کے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوان امیدواروں کونامزدکیا ہے۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ گلگت بلتستان اسمبلی میں اپنی متوسط طبقے کی نمائندگی یقینی بنانے کیلئے متحدہ کے نامزدحق پرست امیدواروں کوووٹوں کی بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں تاکہ ان کے مسائل حل ہوسکیں۔توصیف خانزادہ اسکردو سے گلگت پہنچے توعالم برج کے مقام پران کا شانداراستقبال کیا گیا اورانہیں بڑی ریلی کی شکل میں گلگت میں مرکزی الیکشن آفس تک لیجایا گیا۔توصیف خانزادہ جیسے ہی عالم برج پہنچے تووہاں پہلے سے موجودصوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز صلاح الدین گلگتی اور یاورجمیل، بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی اوردیگرکارکنان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اورانہیں گاڑیوں کی بڑی ریلی کی صورت میں چھوگرٹھ کے راستے جلال آباد اوروہاں سے اوسنکھنداوردنیور کے راستے گلگت میں مرکزی الیکشن آفس پہنچایا۔قبل ازیں انہوں نے دنیور میں ضلع ہنزہ نگر کے ایک وفد سے بھی ملاقات کی اورانہیں قائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے سے آگاہ کیا۔

## گلگت کی معروف سماجی شخصیت حاجی حسن کا آٹھ سو ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

گلگت ۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

گلگت بلتستان کی معروف سماجی شخصیت حاجی حسن نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے پر مکمل اعتماد کیا ہے اورایم کیوایم کی عملی جدوجہداورانتہاء پسند دہشت گردی کے خلاف پالیسیوں سے متاثر ہوکر اپنے آٹھ سو ساتھیوں سمیت باقاعدہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے دنیور کے ضلعی آفس میں عمائدین شہر کے ایک نمائندہ وفد کے ہمراہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز صلاح الدین گلگتی، یاور جمیل، بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی کےعلاوہ دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم برطانیہ کا انیس احمد خان ایڈووکیٹ سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔13 اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اوراراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد خان ایڈووکیٹ کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزراوراراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے انیس احمد خان ایڈووکیٹ اورتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی ہے اوراللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔آمین

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی یونٹ خواسطی بروہی کے کارکن غلام حسین کی والدہ محترمہ سومری بیگم، یونٹ اولڈ گولیمار کے کارکن سلیم کی والدہ محترمہ آمنہ بی بی اورایم کیوایم شعبہ خواتین نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کی کارکن سنجیدہ توصیف کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## یوبی ایل کراچی کے ملازمین کے نمائندہ وفد کی ایم کیوایم لیبر ڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

یوبی ایل کراچی کے ملازمین کے نمائندہ وفد نے منگل کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین واراکین کمیٹی سے ملاقات کی اورانہیں یوبی ایل انتظامیہ کے مزدوردشمن رویئے کے باعث ملازمین میں پائی جانیوالی بے چینی سے آگاہ کیا۔ملاقات کے دوران یوبی ایل کے وفد نے بتایا کہ ادارے کی انتظامیہ کراچی کے ملازمین کے تبادلے کوئٹہ پشین کردیا ہے اورانکار کی صورت میں واجبات لیکر ملازمت چھوڑ دیں کی دھمکی دی گئی ہے جس کے باعث ان ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔وفد کے ارکان نے مزید کہا ہے کہ انتظامیہ کے مزدوردشمن رویئے کے باعث چند ملازمین نے ملازمتیں چھوڑ دی ہے جبکہ ہم مہنگائی کے اس دور میں اپنے بیوی بچوں کی کفالت کم تنخواہوں پرمجبور ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے یوبی ایل کے وفد کی گزراشات کوغور سے سنا اورانہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم ان کے مسئلہ کے حل کیلئے ہرفورم پرآوازاٹھائے گی۔انہوں نے یوبی ایل کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ملازمین کے کوئٹہ اورپشین تبادلہ کا فیصلہ فی الفور واپس لیاجائے اورملازمین کوان کا جائز حق دیاجائے۔

## پنجاب میں ایم کیوایم کی مقبولیت نے فرسودہ نظام کے کرتادھرتاؤں کے محلات میں ہلچل مچادی ہے، محبان پاکستان
## لاہورایم کیوایم کے ذمہ داران پر پنجاب پولیس کی غیرقانونی چھاپہ مارکاروائی اور ہراساں کرنے کی شدید مذمت

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

خلیجی ممالک میں پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان اوورسیز نے پنجاب پولیس کی جانب سے لاہور میں مقیم ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان اوردیگر ذمہ داران کے

کمروں پر غیر قانونی چھاپے اور انہیں ہراساں کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پرامن جدوجہد، فکر و فلسفہ اور نظریئے کو ملک بھر سمیت پنجاب کے غریب اور متوسط طبقے کے عوام میں پھیلنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت نے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے محلات میں ہلچل مچادی ہے اور وہ ایک مرتبہ پھر غریب و متوسط طبقے کے حقوق کی پرامن جدوجہد کو پنجاب میں پھیلنے سے روکنے کیلئے ریاستی مشینری کا استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے تحت عنقریب پنجاب میں ہونے والے کنونشن کو پنجاب کے غریب و متوسط طبقے کے عوام میں زبردست پذیرائی مل رہی ہے اور پنجاب کنونشن کے تاریخی کامیابی سے ہمکنار ہونے سے خوف سے فرسودہ نظام کی محافظ قوتیں غیر جمہوری اور غیر قانونی حربے استعمال کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے 36 ڈسٹرکٹ میں ایم کیوایم کے دفاتر قائم ہیں اور اب کوئی بھی سازش اور گھناؤنا ہتھکنڈہ نہ تو ایم کیوایم کی پنجاب میں بڑھتی ہوئی مقبولیت کو روک سکتا ہے۔ محبان پاکستان اوورسیز نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور غیر قانونی چھاپہ مار کارروائی میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## سینئر صحافی واجد انصاری کے بھائی زاہد حسین انصاری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی واجد انصاری کے بھائی زاہد حسین انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## کارکنان اپنی خامیاں اور کمزوریاں دور کرنے کیلئے خود احتسابی کا عمل سے گزریں، کراچی مضافاتی کمیٹی گلستان مزدور میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔13، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر نے کہا ہے کہ ہر انسان میں بنیادی طور پر کچھ نہ کچھ خامیاں اور کمزرویاں ہوتی ہیں اگر یہ خامیاں اور کمزوریاں انسان پر حاوی ہوجائیں تو انسان برائیوں کی جانب مائل ہوجاتا ہے لیکن انسان چاہے تو وہ خود کو خود احتسابی کے عمل سے گذار کر ان کمزوریوں اور خامیوں پر قابو پاسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے گلستان مزدور میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کارکنان کو مسلسل خود احتسابی سے عمل سے گزرتے رہنا چاہیے، خود احتسابی اور اپنی اصلاح کیلئے ضروری ہے کہ تحریک میں شامل ہر فرد اپنے آپ کو ضمیر کی عدالت میں پیش کرے اور اپنے اعمال کا جائزہ لے اور اپنی غلطیوں کا اعتراف کر کے اس کی اصلاح کرے۔

## وزیراعلیٰ کے مشیر خواجہ الحسن نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی عیادت کی

کراچی۔۔۔13 ستمبر 2009ء

وزیراعلیٰ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن نے منگل کو کراچی کے نجی اسپتال میں شہنشاہ غزل مہدی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین انہیں گلدستہ بھی پیش کیا اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر مہدی حسن کے بیٹھے عارف حسن نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ حق پرست میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد خان ایڈووکیٹ کی والدہ عائشہ خاتون مرحومہ کوسپرد خاک کردیا گیا،سوئم کل ہوگا

## نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی،وزراء،اراکین اسمبلی،ناظمین اوردیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔13ستمبر 2009ء

لندن میں مقیم متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورسابق رکن قومی اسمبلی انیس احمد خان ایڈووکیٹ کی والدہ عائشہ خاتون کومیر پورخاص کے مجید بابا قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ بعدنمازعصران کی رہائشگاہ کے قریب کالونی گراؤنڈ میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی ،اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری،رضاہارون،شاکرعلی،ڈاکٹرصغیراحمد،شکیل عمر،حق پرست صوبائی وزراء عادل صدیقی،عبدالحسیب ،زبیر،سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنورنوید جمیل،حیدرآباد کے تعلقہ ناظم شبرچشتی،لطیف آباد کے تعلقہ ناظم صابرقائم خانی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین ،میر پورخاص زونل کمیٹی کے انچارج واراکین،سیکٹرزاور یونٹس کمیٹیوں کے ارکان،کارکنان،ہمدردوں اورمرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورمرحومہ کی مغفرت،ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔دریں اثناء مرحومہ کا سوئم 14،اکتوبر بروز بدھ بعدنماز ظہران کی رہائشگاہ بیت الرفیق حنیف توڑا کالونی نمبر3 سیڈ فارم روڈ میر پورخاص میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔

☆☆☆☆☆